# 13209 - یوتھ ہیٹ پہننا

## سوال

نوجوانوں کو دیکھا گیا ہے کہ ہیٹ پہنتے ہیں اس کے متعلق آپ کی رائے کیا ہے ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

کسی بھی مسلمان شخص کے لیے جائز نہیں کہ وہ لباس وغیرہ میں کفار کی مشابہت اختیار کرے، اور اگر یہ لباس اور ہیٹ وغیرہ کفار کی علامات میں سے ہوں، یا کفار اس سے مشہور ہوں اور ان اشیاء کے ساتھ ممتاز ہوں تو مسلمان شخص کے لیے استعمال کرنا جائز نہیں.

لیکن جس میں فائدہ ہو اور وہ کفار کے ساتھ خاص بھی نہ ہو مثلا مختلف جگہوں پر کام کرنے والے مزدور اور ملازمت کرنے والوں کے ہیٹ اور سر کے بچاؤ کے لیے خود اور ہیلمٹ، اور آنکھوں کو سورج کی روشنی سے بچانے اور سایہ کرنے کے لیے ہیٹ نما ٹوپی وغیرہ تو اس میں کوئی حرج نہیں.

لیکن وہ ہیٹ پہننا جن کا سایہ ایك سائڈ یا پیچھے سایہ کرتے ہیں، مسلمان نوجوان کے شایان شان نہیں کہ وہ اس طرح کے ہیٹ پہنے.

واللہ اعلم .